<"xml encoding="UTF-8?>

# احکام نماز

نمازدینی اعمال میں سے بہترین عمل ہے۔اگریہ درگاہ الٰہی میں قبول ہوگئی تو دوسری عبادات بھی قبول ہوجائیں گی اوراگریہ قبول نہ ہوئی تودوسرے اعمال بھی قبول نہ ہوں گے۔جس طرح انسان اگردن رات میں پانچ دفعہ نہرمیں نہائے دھوئے تواس کے بدن پرمیل باقی نہیں رہتی اسی طرح پنج وقتہ نمازبھی انسان کوگناہوں سے پاک کردیتی ہے اور بہترہے کہ انسان نماز اول وقت میں پڑھے۔ جوشخص نماز کو معمولی اور غیر اہم سمجھے وہ اس شخص کے مانندہے جونماز نہ پڑھتاہو۔رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہے کہ : ”جوشخص نماز کواہمیت نہ دے اور اسے معمولی چیزسمجھے وہ عذاب آخرت کا مستحق ہے“۔ ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مسجد میں تشریف فرماتھے کہ ایک شخص مسجد میں داخل ہوااور نماز پڑھنے میں مشغول ہوگیالیکن رکوع اور سجود مکمل طورپر بجانہ لایا۔ اس پرحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایاکہ: اگریہ شخص اس حالت میں مرجائے جب کہ اس کے نماز پڑھنے کایہ طریقہ ہے تویہ ہمارے دین پر نہیں مرے گا۔ پس انسان کو خیال رکھناچاہئے کہ نماز جلدی جلدی نہ پڑھے اور نماز کی حالت میں خداکی یادمیں رہے اور خشوع وخضوع اورسنجیدگی سے نماز پڑھے اوریہ خیال رکھے کہ کس ہستی سے کلام کر رہا ہے اوراپنے آپ کو خداوندعالم کی عظمت اوربزرگی کے مقابلے میں حقیر اورناچیزسمجھے۔ اگر انسان نماز کے دوران پوری طرح ان باتوں کی طرف متوجہ رہے تو وہ اپنے آپ سے بے خبرہوجاتاہے جیساکہ نماز کی حالت میں امیرالمومنین علیہ السلام کے پاؤں سے تیر کھینچ لیاگیااورآپؑ کوخبرتک نہ ہوئی۔اس کے علاوہ نماز پڑھنے والے کو چاہئے کہ توبہ و استغفار کرے اور نہ صرف ان گناہوں کوجو نماز قبول ہونے میں مانع ہوتے ہیں مثلاً حسد،

تکبر، غیبت، حرام کھانا، شراب ونشہ آور چیزیں کھانا پینا اورخمس وزکوٰۃ کاادانہ کرنا۔ ترک کرے بلکہ تمام گناہ ترک کردے اوراسی طرح بہتر ہے کہ جوکام نماز کاثواب گھٹاتے ہیں وہ نہ کرے مثلاً اونگھنے کی حالت میں یاپیشاب روک کرنماز کے لئے نہ کھڑاہواور نماز کے موقع پر آسمان کی جانب نہ دیکھے اوروہ کام کرے جو نماز کاثواب بڑھاتے ہیں مثلاً عقیق کی انگوٹھی اورپاکیزہ لباس پہنے، کنگھی اورمسواک کرے نیزخوشبولگائے۔

واجب نمازیں

چھ نمازیں واجب ہیں :

:۱) روزانہ کی نمازیں

:۲) نمازآیات

:۳) نمازمیت

:۴) خانۂ کعبہ کے واجب طواف کی نماز

:۵) باپ کی قضانمازیں جوبڑے بیٹے پر(احتیاط واجب کی بناءپر) واجب ہیں ۔

:۶) جونمازیں اجارہ،منت،قسم اور عہدسے واجب ہوجاتی ہیں اورنماز جمعہ روزانہ کی نمازوں میں سے ہے۔

روزانہ کی واجب نمازیں

روزانہ کی واجب نمازیں پانچ ہیں :

ظہراورعصر(ہرایک چاررکعت) مغرب (تین رکعت) عشا (چاررکعت) اور فجر (دورکعت)۔